کمپلینٹ مینجمنٹ ویب پورٹل

22 جولائی، 2024

بحوالہ: مواصلات/2024

خوشخبری: مینٹیننس سے متعلق شکایات کے ازالے کیلئے ویب پورٹل کا آغاز:

قابل احترام ڈیلرز،

پی ایس او میں ہم آپ کی شراکت داری کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور دوطرفہ کامیابی کے لئے آپ کے کردار کا اعتراف کرتے ہیں۔ آپ کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے عزم کے تحت ہمیں نئے ویب پورٹل کے آغاز کا اعلان کرنے میں خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ یہ ویب پورٹل پٹرول پمپ کی مینٹیننس سے متعلق شکایات کے ازالے کیلئے خصوصی طور پر بنایا گیا ہے۔ اس پلیٹ فارم کا مقصد مینٹیننس سے متعلق مسائل کی رپورٹنگ کے عمل کو بہتر بنانا اور آپ کے آپریشنز میں کم سے کم وقفہ کو یقینی بناتے ہوئے ان مسائل کو موثر انداز میں حل کرنا ہے۔

چوبیس گھنٹے رسائی:

اب آپ کو کسی مسئلے کی اطلاع دینے کیلئے تعلق ہیلپ لائن (0800-03000) کے دفتری اوقات کا انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔ ہمارے پلیٹ فارم پر ہفتہ میں سات دن چوبیس گھنٹے رسائی کی جاسکتی ہے جس کے ذریعے آپ اپنی شکایت درج کرا سکتے ہیں۔

کمپلینٹ پورٹل تک رسائی کیسے حاصل کریں:

۔لاگ ان: اپنی تفصیلات کے ساتھ اپنی سہولت ایپ میں لاگ ان کریں

۔رہنمائی: لاگ ان ہونے کے بعد کمپلینٹ میں جا کر سروس اسفیئر ٹیب پر کلک کریں

۔انتخاب: اپنے مطلوبہ ریٹیل آؤٹ لیٹ کا انتخاب کریں

۔مرکزی مینو: ایک سکرین نمودار ہوگی جہاں آپ اپنی نئی شکایت درج کر سکتے ہیں اور اپنی موجودہ شکایت کو ٹریک کر سکتے ہیں۔ آپ پٹرول پمپ کی مینٹیننس سے متعلق شکایت کو با آسانی درج کر سکتے ہیں

۔آؤٹ لیٹ کی کارکردگی اور ڈسپنسر یونٹ کا اسٹیٹس دیکھ سکتے ہیں

سروس سفیئر (service sphere) صارف کتابچہ:

نئے پلیٹ فارم کے استعمال کے بارے میں آپ کی معاونت کیلئے ہم نے ایک جامع مینوئل اور مرحلہ وار ویڈیو ٹیوٹوریل تیار کیا ہے جو اس کے ساتھ منسلک ہے اور آپ کو پورٹل کے استعمال کے بارے میں مکمل رہنمائی فراہم کرے گا۔ اس کے علاوہ تعلق ہیلپ لائن (0800-03000) پر ہمارے کسٹمر سروسز کے نمائندے آپ کی معاونت کیلئے صبح 8:30 سے رات 12:00 تک دستیاب ہوں گے۔ آپ کسٹمر سروسز نمائندوں کے پاس بھی اپنی شکایات پہلے کی طرح درج کرا سکتے ہیں۔

ہمیں یقین ہے کہ اس نئے اقدام سے نہ صرف ہمارے قابل قدر ریٹیل ڈیلرز کے مجموعی تجربہ میں اضافہ ہوگا بلکہ اعلیٰ ترین خدمات کی فراہمی کے ہمارے عزم کو تقویت ملے گی۔

آپ کے تعاون کا بہت شکریہ

خیر خواہ

پی ایس او کسٹمر سروسز ٹیم

منسلکہ:

سروس سفیئر (service sphere) صارف کتابچہ اور ویڈیو ٹیوٹوریل کا لنک

https://psopk.com/en/business-partners/service-sphere